(9)

**DO NOT OPEN THIS TEST BOOKLET UNTIL YOU ARE ASKED TO DO SO**

# TEST BOOKLET

**Sl. No:** 0060

**Subject Code: 24**

**Subject: URDU**

**WRITTEN TEST FOR RECRUITMENT OF POST GRADUATE TEACHERS FOR NON-GOVT. AIDED HIGHER SECONDARY SCHOOLS OF ODISHA**

*Time Allowed : 2 Hours*

*Maximum Marks: 150*

## : INSTRUCTIONS TO CANDIDATES:

1. **IMMEDIATELY AFTER THE COMMENCEMENT OF THE EXAMINATION, YOU SHOULD CHECK THAT THIS TEST BOOKLET CONTAINS 16 PAGES AND DOES NOT HAVE ANY UNPRINTED OR TORN OR MISSING PAGES OR ITEMS ETC. IF SO, GET IT REPLACED BY A COMPLETE TEST BOOKLET.**

2. You have to enter your **Roll No.** on the Test Booklet in the Box provided alongside. **DO NOT** write anything else on the Test Booklet.

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | | |

3. The Test Booklet contains **100** questions. Each question comprises four options. You have to select the correct answer which you want to mark (darken) on the OMR Answer Sheet. In any case, choose ONLY ONE answer for each question. If more than one answer is darkened, it will be considered wrong.

4. You have to mark (darken) all your answers only on the **OMR Answer Sheet using BLACK BALL POINT PEN** provided by the State Selection Board**.** You have to do rough work only in the space provided at the end of the Test Booklet. See instructions in the OMR Answer Sheet.

5. All questions carry equal marks. While **1.5** marks will be awarded for each correct answer, each wrong answer will result in negative marking of **0.50** mark.

6. Before you proceed to mark (darken) the answers in the OMR Answer Sheet to the questions in the Test Booklet, you have to fill in some particulars in the OMR Answer Sheet as per the instructions in your Admit Card.

7. On completion of the Examination, you should hand over the **original copy of OMR Answer Sheet** issued to you to the Invigilator before leaving the Examination Hall. You are allowed to take with you the candidate's copy (second copy) of the OMR Answer Sheet along with the Test Booklet for your reference.

**Candidate's full signature**

**Invigilator's signature**

1 - ابرو نے مژہ نے نتہ یار نے یارو بے رتبہ کیا تیغ کو خنجر کو سناں کو

مندرجہ بالا شعر میں کون سی صنعت ہے ؟

(A) لف ونشر غیر مرتب (B) لف ونشر مرتب

(C) صنعت تضاد (D) مراعات النظیر

2 - ان میں سے گیان پیٹھ ایوارڈ کسے نہیں دیا گیا ؟

(A) فراق گورکھپوری (B) قرۃ العین حیدر

(C) علی سردار جعفری (D) شمس الرحمٰن فاروقی

3 - خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کس کے دور میں گلبرگہ آئے تھے ؟

(A) فیروز شاہ بہمنی (B) احمد شاہ بہمنی

(C) محمد شاہ بہمنی (D) ولی شاہ بہمنی

4 - ناز دیتا نہیں گر رخصتِ گشتِ چمن اے چمن زارِ حیا دل کے گلستان میں آ

یہ کس کا شعر ہے ؟

(A) سراؔج (B) وؔلی

(C) میؔر (D) شاؔد

5 - ہندوی کا اولین عوامی شاعر کس کو کہا جاتا ہے ؟

(A) ولی (B) قلی قطب شاہ

(C) امیر خسرو (D) نظیر اکبر آبادی

6 - شعر العجم کتنی جلدوں پر مشتمل ہے ؟

(A) چار (B) پانچ

(C) چھ (D) تین

7 - خبرِ تحیرِ عشق سن نہ جنوں رہا نہ پری رہی نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بے خبری رہی

کس کا شعر ہے

(A) سراؔج (B) ولی دکنی

(C) اقباؔل (D) شاؔد عظیم آبادی

8 - 'آثار الصنادید' کس نوعیت کی کتاب ہے؟

(A) مذہبی (B) سیاسی

(C) علمی (D) تاریخی

9 - 'دیوان غالب' کا ہندی میں ترجمہ کس نے کیا؟

(A) علی سردار جعفری (B) علی جواد زیدی

(C) علی جاوید (D) زبیر رضوی

10 - رسالہ ''جدید ادب'' کہاں سے شائع ہوتا ہے؟

(A) ہندوستان (B) لکھنؤ

(C) پاکستان (D) جرمنی

11 - گریرسین نے ہندوستان کی آریائی زبانوں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

(A) پانچ (B) چار

(C) تین (D) دو

12 - خلیل الرحمٰن اعظمی کا مجموعۂ کلام کون سا ہے ؟

(A) زنداں نامہ (B) گل نغمہ

(C) آسماں اے آسماں (D) سفینۂ گل

13 - مجنوں گورکھپوری کا اصلی نام کیا ہے؟

(A) محمد علی (B) احمد صدیقی

(C) اصغر صدیقی (D) محمد صادق

14 - مشہور نظم نگار ن۔م۔ راشد کا پورا نام کیا ہے؟

(A) ناصر محمد راشد (B) نظر محمد راشد

(C) نور محمد راشد (D) نظام محمد راشد

15 - ''ایک لڑکا'' کس کی مشہور نظم ہے ؟

(A) کیفی اعظمی (B) اختر الایمان

(C) جاں نثار اختر (D) جاوید اختر

16 - ساحرلدھیانوی کا اصلی نام کیا ہے ؟

(A) سراج احمد (B) عبدالحی فضل احمد

(C) ممتاز احمد (D) افتخار احمد

17 - صحیح کی نشاندہی کیجیے۔

(A) مثلث میں چار مصرعے ہوتے ہیں (B) مثمن میں آٹھ مصرعے ہوتے ہیں

(C) مُسبع میں دس مصرعے ہوتے ہیں (D) معشر میں سات مصرعے ہوتے ہیں

18 - زمانی اعتبار سے صحیح جوڑے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) ذوق، آبرو، میر، نظیر (B) آبرو، نظیر، میر، ذوق

(C) میر، آبرو، نظیر، ذوق (D) آبرو، میر، نظیر، ذوق

19 - صحیح کیا ہے؟

(A) بلاغت کو فصاحت ضروری ہے (B) جہاں فصاحت ہو وہاں بلاغت ضروری ہے

(C) جس جگہ بلاغت ہوگی، وہاں فصاحت نہیں ہوگی (D) جو شرطیں بلاغت کی ہیں وہی فصاحت کی ہیں

20 - ''شاہنامۂ اسلام'' کس کا شعری کارنامہ ہے ؟

(A) ناسخ (B) اقبال

(C) حفیظ جالندھری (D) حفیظ میرٹھی

21 - جس سے کسی چیز کی تشبیہ دی جائے اسے کیا کہتے ہیں ؟

(A) مُشبہ (B) مُشبہ بہ

(C) وجہِ شبہ (D) حرف شبہ

22 - ان میں سے کون سا شاعر مزاح کے ساتھ تہذیب کا پارکھی بھی ہے ؟

(A) مجتبیٰ حسین (B) دلاآور فگار

(C) اکبر الٰہ آبادی (D) سید محمد جعفری

23 - پریم چند نے اپنا ناول ''گئودان'' کس سن میں مکمل کیا ؟

(A) 1935ء (B) 1936ء

(C) 1933ء (D) 1937ء

24 - ''اردو ناول نگاری'' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) سہیل بخاری (B) محمد احسن فاروقی

(C) عقیل احمد (D) اسلوب احمد انصاری

25 - ''جدید افسانہ اور اس کے مسائل'' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) شمیم حنفی (B) وارث علوی

(C) مہدی جعفر (D) حسن عسکری

26 - ''مارُرخ'' کس مثنوی کا کردار ہے ؟

(A) گلزارِ نسیم (B) زہرِ عشق

(C) سحر البیان (D) گلشن عشق

27 - ''طوطی نامہ'' مثنوی کہاں لکھی گئی ؟

(A) بیجاپور (B) دہلی

(C) گجرات (D) گولکنڈہ

28 - علی عادل شاہ نے کس کو ''ملک الشعراء'' کے خطاب سے نوازا ؟

(A) غواصی (B) نصرتی

(C) ابن نشاطی (D) طبعی

29 - تصوف سے متعلق کون سی مثنوی ہے ؟

(A) ظفر نامہ (B) سیف الملوک بدیع الجمال

(C) گلشن عشق (D) شہادۃ التحقیق

30 - دکن کی کس مثنوی کو شاہ نامہ دکن کہا جاتا ہے ؟

(A) علی نامہ (B) پنچھی نامہ

(C) یوسف زلیخا (D) نورس

31 - مندرجہ ذیل میں سے کون شاعر دبستانِ لکھنؤ کا نہیں ہے ؟

(A) مصحفی (B) نظیر

(C) انشاء (D) جرأت

32 - نظمِ جدید کوفروغ دینے میں کس کا زیادہ عمل دخل ہے ؟

(A) ترقی پسند تحریک (B) علی گڑھ تحریک

(C) حلقۂ اربابِ ذوق (D) انجمن پنجاب

33 - مندجہ ذیل میں سے ماہر غالبیات کون ہیں ؟

(A) جگن ناتھ آزاد (B) آل احمد سرور

(C) عبدالمغنی (D) مالک رام

34 - دیوانِ غالب کی تدوین میں سب سے اہم نام کس کا ہے ؟

(A) عبدالرحمٰن بجنوری (B) امتیاز علی عرشی

(C) رشید حسن خاں (D) مالک رام

35 - ''نظم خضرراہ'' کا موضوع کیا ہے؟

(A) دورِ حاضر پر تبصرہ (B) مسلمانوں کی اصلاح

(C) تاریخ اسلام (D) حضرت خضر کی سوانح

36 - ''مدھر مرلی'' کا ڈراما نگار کون ہے ؟

(A) آغا حشر کاشمیری (B) امانت

(C) طالب بنارسی (D) امتیاز علی عرشی

37 - جدید نظم نگاروں میں کس شاعر نے انگریزی، فرانسیسی، جرمن اور روسی زبانوں کی شاعری متاثر ہو کر نظم نگاری کی اور ان زبانوں کی نمائندہ نظموں کا منظوم ترجمہ کیا ؟

(A) اختر الایمان (B) یوسف ظفر

(C) میراجی (D) ن ۔م ۔ راشد

38 - میراجی کی نظم اونچا مکان کا موضوع کیا ہے؟

(A) فاحشہ عورت کی قابل رحم زندگی (B) ایک ناکام شاعر

(C) ایک کلرک کی مجبوری (D) تقسیم ہند

39 - جدیدیت اور مابعد جدیدیت میں قدرِ مشترک کیا ہے؟

(A) سیاسی وابستگی (B) سیاسی ناوابستگی

(C) مقصدیت (D) سماجی مسائل کی عکاسی

40 - سلطان عبدالحمید کے دربار سے ''تمغۂ مجیدیہ'' سے کسے نوازا گیا ؟

(A) سرسیدؔ (B) غالبؔ

(C) شبلیؔ (D) اقبالؔ

41 - مولانا سید سلیمان ندوی نے شبلی کے مقالات کو موضوع کے لحاظ سے ترتیب دے کر کل کتنی جلدوں میں شائع کیا ہے؟

(A) چار (B) پانچ

(C) چھ (D) آٹھ

42 - ''فکر اقبال'' اقبالیات سے متعلق اہم کتاب ہے؟ مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) وقار عظیم (B) عبدالمغنی

(C) عبدالحق (D) خلیفہ عبدالحکیم

43 - ''روحِ انیس'' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) مسعود حسن رضی ادیب (B) فضل امام

(C) مسیح الزماں (D) گوپی چند نارنگ

44 - آریوں کی آمد ہندوستان میں کس سمت سے ہوئی؟

(A) جنوب (B) شمال مغرب

(C) جنوب مغرب (D) شمال مشرق

45 - ''راجدہ'' کس افسانے کا کردار ہے ؟

(A) منزل منزل (B) آپا

(C) آخری کوشش (D) رئیس خانہ

46 - افسانہ ''آپا'' کا خالق کون ہے ؟

(A) احمد ندیم قاسمی (B) اے حمید

(C) ممتاز مفتی (D) عصمت چغتائی

47 - مثنوی ''سیف الملوم بدیع الجمال'' کس دور کی تخلیق ہے ؟

(A) بہمنی دور (B) نظام شاہی دور

(C) قطب شاہی دور (D) عادل شاہی دور

48 - برہان الدین جانم کس دور کے شاعر ہیں ؟

(A) عادل شاہی (B) قطب شاہی

(C) ابن نشاطی (D) بہمنی

49 - دکنی شعراء میں موضوعات کا تنوع کس کے یہاں زیادہ ملتا ہے ؟

(A) ولی دکنی (B) ہاشمی

(C) نصرتی (D) قلی قطب شاہ

50 - مقالاتِ شبلی ( جلد دوم ) کے مضمون ''شعر العرب''میں شبلی نے کس کی کتاب پر اظہار کیا ہے ؟

(A) سرسید (B) ابن قتیبہ

(C) ابن رشیق (D) حمید الدین فراہی

51 - ''تنقید شعر العجم''کس کی تصنیف ہے ؟

(A) کلیم الدین احمد (B) آل احمد سرور

(C) حافظ محمود شیرانی (D) احتشام حسین

52 - قدیم ہند آریائی دور کون سا ہے ؟

(A) 1500 ق م سے 1000 ق م (B) 1500 ق م سے 500 ق م

(C) 500 ق م سے 1000ء (D) 1000ء سے 1500ء

53 - شورسینی پراکرت کس علاقے کی بولی تھی

(A) متھرا (B) مگدھ

(C) بہار اور الٰہ آباد کے درمیانی علاقے (D) پنجاب اور کشمیر

54 - تنقید کیا ہے ؟

(A) ترجمانی (B) قدر شناسی

(C) تنقیص (D) تحسین

55 - رو پر ہے رخش عمر کہاں دیکھئے تھے    نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں

اس شعر میں کون سی صنعت ہے ؟

(A) مراعات النظیر (B) لف ونشر

(C) توجیہ (D) تبلیغ

56 - ان میں سے کون نقاد نظریاتی طور پر مارکسی نقطۂ نظر کا حامل ہے ؟

(A) آل احمد سرور (B) کلیم الدین احمد

(C) شمس الرحمٰن فاروقی (D) محمد حَسن

57 - ''نئے پرانے چراغ'' کس نقاد کی تصنیف ہے ؟

(A) خواجہ احمد فاروقی (B) کلیم الدین احمد صدیقی

(C) احتشام حسین (D) آل احمد سرور

58 - کس مثنوی میں رعایت لفظی کا زیادہ استعمال ملتا ہے ؟

(A) دریائے لطافت (B) گلزارِ نسیم

(C) سحرالبیان (D) زہرِ عشق

59 - مخطوطے کے آخر میں کاتب کی اختتامیہ عبارت کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) ترقیمہ (B) توقیت

(C) مبیضہ (D) تبیمض

60 - ڈراما انارکلی کس سنہ میں لکھا گیا ؟

(A) 1922ء (B) 1924ء

(C) 1928ء (D) 1932ء

61 - پریم چند کا پہلا افسانہ ''دنیا کا انمول رتن'' کس سن میں لکھا گیا ؟

(A) 1904ء (B) 1905ء

(C) 1906ء (D) 1907ء

62 - ناول ''امراؤ جان ادا'' میں مولوی صاحب کس کے کہنے پر نیم کے پیڑ پر چڑھ گئے تھے ؟

(A) خورشید جان (B) بسم اللہ جان

(C) رام دئی (D) بوا حسینی

63 - ''آثار الصنادید'' کتنی جلدوں پر مشتمل ہے ؟

(A) دو (B) تین

(C) چار (D) پانچ

64 - ''نقد الشعر'' کا مصنف کون ہے ؟

(A) قدامہ ابن جعفر (B) ابنِ رشیق

(C) ابن قتیبہ (D) ابن خلدون

65 - ''ادبی تحقیق : مسائل اور تجزیہ'' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) محی الدین قادری زور (B) قاضی عبدالودود

(C) رشید حسن خاں (D) امتیاز علی عرشی

66 - ''انار کلی'' کس قسم کا ڈرامہ ہے ؟

(A) المیہ (B) طربیہ

(C) اوپیرا (D) یک بابی

67 - ''تخیل کو قوتِ ممیزہ محکوم رکھنا چاہیے''۔ یہ کس کا قول ہے ؟

(A) شبلی (B) حالی

(C) امداد امام اثر (D) کلیم الدین احمد

68 - ذیل میں کس نقاد نے تاثراتی تنقید کی ترجمانی کی ہے ؟

(A) اختر حسین رائے پوری (B) سید احتشام حسین

(C) آل احمد سرور (D) ممتاز حسین

69 - کس شاعر نے اپنے تخلص کو ذو معنی استعمال کیا ہے ؟

(A) غالبؔ (B) مومنؔ

(C) ذوقؔ (D) آتشؔ

70 - ذیل میں دعویٰ اور دلیل دی گئی ہے۔ انہیں بغور پڑھیئے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ ! گئودام پریم چند کا ناول ہے۔

دلیل ! کیونکہ یہ پریم چند کا آخری ناول ہے۔

(A) دعویٰ غلط ہے، دَلیل صحیح ہے (B) دعویٰ صحیح ہے، دَلیل غلط ہے۔

(C) دعویٰ صحیح ہے، دَلیل بھی صحیح ہے (D) دعویٰ غلط ہے، دَلیل بھی غلط ہے۔

71 - شمس الرحمٰن فاروقی کے مطابق اپنے تجربے کو قاری تک پہنچانے کے لیے کن تین مرحلوں سے گزرتا ہے ؟

(A) اظہار، ادراک، ابلاغ (B) ادراک، احساس، ترسیل

(C) اظہار، ترسیل، ابلاغ (D) ترسیل، ادراک، اظہار

72 - زیل میں ایک دعویٰ اور ایک دلیل دی گئی۔ اُنھیں غور سے پڑھیے اور صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ : اردو ایک شریں زبان ہے

دلیل : کیونکہ یہ ہندوستان کی ۲۲ زبانوں میں سے ایک ہے۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے (B) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

(C) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے (D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

73 - میرؔ کے یہاں معنی............ پیدا ہوتے ہیں۔

(A) احساس سے (B) عشق سے

(C) تعقل سے (D) محاکات سے

74 - غالب کے خطوط کے دوسرے مجموعے کا نام کیا ہے ؟

(A) عودِ ہندی (B) اردوئے معلیٰ

(C) غبارِ خاطر (D) مکاتیب غالب

75 - گور کس دل جلے کی ہے یہ فلک شعلہ اک صبح یاں سے اٹھتا ہے

(A) غالبؔ (B) مومنؔ

(C) ولیؔ (D) میرؔ

76 - محمد اجمل خاں کے علاوہ غبارِ خاطر کو مع حواشی کس نے مرتب کر کے شائع کیا ؟

(A) رشید حسن خاں (B) امتیاز علی عرشی

(C) مالک رام (D) قاضی عبدالودود

77 - کام کے پورا کرنے کے لیے مفعول کی ضرورت نہ پڑے یعنی کام کا اثر فاعل تک ہی محدود رہے تو ایسے فعل کو کیا کہتے ہیں

(A) فعل لازم (B) فول متعدّی

(C) فعل ناقص (D) فعل اِستمراری

78 - سلطان محمد عادل شاہ کی فرمائش پر ملک کوشنود نے کون سے مثنوی لکھی؟

(A) جنت سِنگار (B) میز بانی نامہ

(C) سکھ انجن (D) ماہِ پیکر

79 - اردو کی قدیم مثنوی ''قدم راؤ پدم راؤ'' کو کس نے اپنے مقدمے کے ساتھ مرتب کر کے شائع کیا ؟

(A) ڈاکٹر مسعد حسین خاں (B) ڈاکٹر سیدہ جعفر

(C) ڈاکٹر عبدالقادر سروری (D) ڈاکٹر جمیل جالبی

80 - ''مجاہد شیر کی طرح بہادر ہے۔'' اس جملے میں حرف تشبیہ کیا ہے ؟

(A) مجاہد (B) شیر

(C) بہادر (D) کی طرح

81 - ''شاعر اپنے کلام میں ایسے الفاظ لاتا ہے جو ایک ہی مادہ سے مشتق ہوں۔'' تو اسے کہتے ہیں۔

(A) صنعت تکرار (B) صنعتِ توجیہ

(C) صنعت اشتقاق (D) صنعت تجسس

82 - رزمیہ کا اصل مقصد کیا ہوتا ہے ؟

(A) حال پر غالب آنا (B) مستقبل پر غالب آنا

(C) تاریخ پر غالب آنا (D) تقدیر پر غالب آنا

83 - ان میں سے کون ایسا شاعر ہے جس نے رزمیہ اور المیہ کے درمیان کھینچی ہوئی لکیر کو مٹا دیا ؟

(A) میر تقی میر (B) میر انیس

(C) جوش (D) فانی

84 - ''یادگارِ حالی'' کی مصنفہ صالحہ عابد حسین کا حالی سے کیا رشتہ تھا ؟

(A) بہن (B) بیٹی

(C) پوتی (D) نواسی

85 - فارسی کے مشہور لغر برہانِ قاطع کی تصحیح غالب نے کس نام سے کی ؟

(A) قاطع برہان (B) دستنبو

(C) مہر نیم روز (D) درفش کاویانی

86 - اقبال کا دوسرا اردو شعری مجموعہ کون سے ہے ؟

(A) بانگِ درا (B) ضربِ کلیم

(C) بالِ جبریل (D) ارمغانِ حجاز

87 - میراث میں آتی ہے انھیں مسندِ ارشاد زاغوں کے تصرف میں عقابوں کے نشیمن !

درج بالا شعر اقبال کی کس نظم سے اخذ کیا گیا ہے ؟

(A) باغی مرید (B) خضرِ راہ

(C) ساقی نامہ (D) ذوق و شوق

88 - مسجد قرطبہ، ذوق و شوق اور ساقی نامہ وغیرہ نظمیں کس مجموعے میں شامل ہیں ؟

(A) بانگ درا (B) بالِ جبریل

(C) ضربِ کلیم (D) ارمغانِ حجاز

89 - ڈراما ''انارکلی'' میں انارکلی کی بہن کا کیا نام ہے ؟

(A) نرگس (B) ماہ پارہ

(C) ثریا (D) یاسمین

90 - درج ذیل شعر میں کون سی حسی پیکر ہے ؟

زلف شب گوں کی چمک، پیکر سیمیں کی لگ دیپ مالا ہے سرگنگ و جمن کیا کہنا

(A) سامعہ (B) لامسہ

(C) باصرہ (D) شامہ

91 - درج ذیل شعر اقبال کی کس نظم سے ماخوذ ہے ؟

گیا دورِ سرمایہ داری گیا تماشہ دکھا کر مداری گیا

(A) ساقی نامہ (B) ذوق و شوق

(C) خضرِ راہ (D) وطنیت

92 - اقبال نے اپنی نظم ''خضرِ راہ'' میں جوابِ خضر کے تحت کون سے تین عنوانات قائم کیے ہیں ؟

(A) حیات، کائنات، محنت (B) زندگی، سلطنت، سرمایہ و محنت

(C) سلطنت، سرمایہ، محنت (D) فرد، سماج، سلطنت

93 - ''حامد'' پریم چند کے کس افسانے کا کردار ہے ؟

(A) نمک کا داروغہ (B) بڑے گھر کی بیٹی

(C) آخری تحفہ (D) عیدگاہ

94 - تنقید کی کس شاخ میں تخلیق کی صحت اور الفاظ کی دروبست پر خصوصی غور وخوض کیا جاتا ہے ؟

(A) سائنٹفک تنقید (B) تاثراتی تنقید

(C) نفسیاتی تنقید (D) متنی تنقید

95 - ذیل میں اردو قواعد کے لحاظ سے کون سی ترتیب درست ہے ؟

(A) فاعل، فعل، مفعول (B) فاعل، مفعول، فعل

(C) مفعول، فاعل، فعل (D) فعل، فاعل، مفعول

96 - ''شاخ صنوبر'' کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) امجد نجمی (B) کرامت علی کرامت

(C) حفیظ اللہ نیولپوری (D) امین اللہ چرخی

97 - کلیات امجد نجمی (شعری مجموعہ) کا مولت کون ہے ؟

(A) حفیظ اللہ نیولپوری (B) کرامت علی کرامت

(C) محمود بالیسری (D) مشیر عالم

98 - اڑیسہ کا پہلا شاعر کسے تسلیم کیا جاتا ہے ؟

(A) امجد نجمی (B) امین اللہ چرخی

(C) ہردے رام جودت (D) مولوی محمد سلطان راجی

99 - ہر شاخ میں ہے شگوفہ کاری ثمرہ ہے قلم کا حمد باری

یہ شعر کس کی مثال ہے ؟

(A) دولخت (B) دولسانیں

(C) دوغزلہ (D) تلمیع

100 - ''گلاب تمہارا کیکر ہمارا'' کس نے لکھا ہے ؟

(A) خواجہ حسن نظامی (B) فرحت اللہ بیگ

(C) رشید احمد صدیقی (D) رام لعل

---

**SPACE FOR ROUGH WORK**

SPACE FOR ROUGH WORK